پریس ریلیز

# شیل پاکستان اور ایل آر بی ٹی کے تعاون سے مکینکز حضرات کے لیے مفت آئی کیمپس کا انعقاد

**کراچی، پاکستان، 01 فروری، 2024:** شیل پاکستان لمٹیڈ (ایس پی ایل) نے لیٹن رحمت اللہ بینیولنٹ ٹرسٹ (ایل آر بی ٹی) کے تعاون سے مکینکز کے لیے مفت آئی کیمپس منعقد کیئے جس میں بینائی کے تحفظ کو یقینی بنانے کی غرض سے مکینکس کی آنکھوں کی مفت اسکریننگ کی گئی اور ادویات فراہم کیں گئیں۔

اپنے کمیونیٹی آؤٹ ریچ پروگرام کے حصے کے طور پر، شیل پاکستان لمٹیڈ، ایل آر بی ٹی کے تعاون سے، کمیونیٹی کے ممبرز کو آنکھوں کے مفت معائنے کی سہولت فراہم کرتا رہا ہے۔

اس اقدام کے حوالے سے شیل پاکستان لمٹیڈ کے چیف ایگزیکٹو اور مینیجنگ ڈائریکٹر، وقار صدیقی نے کہا: ''ہم جہاں بھی کام کرتے ہیں، وہاں ہمارا مقصد اپنی کمیونٹیز کی فلاح و بہبود میں حصہ لے کر ایک ذمہ دار کمیونیٹی ممبر بننا بھی ہوتا ہے۔ سماجی کارکردگی کے حوالے سے شیل کے پروگرام ہمیں معاشی ترقی سے حاصل ہونے والے فوائد کمیونٹیز کے ساتھ بانٹنے کے قابل بناتا ہے اور ساتھ ہی ایک پائیدار کاروباری ماحول بھی تشکیل دیتا ہے۔''

ایل آر بی ٹی سے تعلق رکھنے والے ماہرین امراض چشم اور معاون عملے کی ایک ٹیم آنکھوں کا معائنہ کرتی ہے اور آنکھوں میں پائی جانے والی خرابیوں اور بیماریوں کے لیے ادویات فراہم کرتی ہے۔ مزید اور جامع علاج کی ضرورت معلوم ہونے پر مریضوں کو قریبی ایل آر بی ٹی اسپتال بھیج دیا جاتا ہے جہاں انہیں مفت اضافی علاج فراہم کیا جاتا ہے۔

شیل اُن کمیونٹیز پر سرمایہ کاری کرتا ہے جن کا ہم حصّہ ہیں اور جہاں ہم کام کرتے ہیں۔ مقامی کمیونٹیز میں سرمایہ کاری کمیونٹی کی ضرورتوں کے مطابق ہے اور شیل کے کاروباری مقاصد سے بھی مطابقت رکھتی ہے۔

☆☆☆